QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 147

کیسکو اور ایچ بی ایل بینک کے مابین راست اکاونٹ کے حوالے سے معاہدہ

کوئٹہ 18 دسمبر 2025ء۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) اور ایچ بی ایل بینک کے مابین راست Raast اکاونٹ کے حوالے سے کیسکو ہیڈکوارٹر میں ایک معاہدہ طے پایا گیا۔معاہدے کی دستاویزات پر چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر یوسف شاہ خان نے دستخط کر دیئے۔اس موقع پر کیسکو کے فنانس ڈائریکٹر محسن احسان جبکہ ایچ بی ایل بینک کی جانب سے امتیاز شیخ اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔اس معاہدے کا بنیادی مقصد کیسکو ملازمین کی آسانی کو مدنظر رکھتے ہوئے جدید طریقہ کار استعمال کر کے اُنھیں مالی معاملات میں مزید خدمات فراہم کرنا ہے اور یہ اقدام بنیادی طور پر پاکستان کا ایک فوری ادائیگی اور فنڈ ٹرانسفر سسٹم ہے۔ جسے اسٹیٹ بینک آف پاکستان (SBP) نے ملک میں ڈیجیٹل پے منٹس کو آسان، تیز اور مفت بنانے کے لیے متعارف کروایا ہے جو کہ ایچ بی ایل جیسے بینک بھی اس سسٹم کے ذریعے اپنے صارفین کو ریئل ٹائم رقم بھیجنے اور وصول کرنے کی سہولت دیتے ہیں۔

###

نمبر: کیسکو پی آر 148

موجودہ بلدیاتی الیکشن مہم کی تشہیر کیلئے بجلی کے کھمبے استعمال کرنے سے گریز کیا جائے: کیسکو

کوئٹہ 18 دسمبر 2025ء۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) نے تمام سیاسی جماعتوں کے نمائندوں سے اپیل کی ہے کہ وہ موجودہ بلدیاتی الیکشن میں انتخابی مہم کی تشہیری کیلئے بجلی کے کھمبوں پر پینا فلیکس اور جھنڈوں کو آویزاں نہ کریں۔مختلف جماعتوں کی جانب سے تشہیری کیلئے بجلی کے کھمبوں پر اسٹیل فریم والے پینا فلیکس لگائے جارہے ہیں جو کہ حادثات کا سبب بن سکتے ہیں کیونکہ اسٹیل فریم والے پینا فلیکس اور بینرز میں سے کسی بھی وقت برقی رو گزرنے سے جان لیوا حادثہ رونما ہونے کے علاوہ بجلی کی فراہمی میں بھی تعطل پیدا ہوسکتا ہے۔علاوہ ازیں تیز ہواؤں اور بارش کے وقت بھی ان جھنڈوں اور اسٹیل فریم والے پینا فلیکس کی وجہ سے بجلی کی لائنوں کے درمیان شارٹ سرکٹ اور ٹرپنگ اور کسی بڑے نقصان کا خدشہ درپیش رہتا ہے۔لہٰذا کیسکو نے صارفین سے اپیل کی ہے کہ وہ کسی بھی ممکنہ حادثہ سے بچنے اور بجلی فراہمی میں جاری رکھنے کیلئے بجلی کے کھمبوں پر پینا فلیکس اور جھنڈے آویزاں کرنے سے گریز کریں۔

###